جس نے ظہر سے پہلے اور ظہر کے بعد چار چار رکعتیں پڑھنے کی پابندی کی، اللہ اس پر جہنم کی آگ حرام کر دے گا"

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کی بیوی ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کو فرماتے ہوئے سنا: "جس نے ظہر سے پہلے اور ظہر کے بعد چار چار رکعتیں پڑھنے کی پابندی کی، اللہ اس پر جہنم کی آگ حرام کر دے گا"

[صحيح] [رواه أبو داود والترمذي والنسائي وابن ماجه وأحمد]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے پابندی سے ظہر کی نماز سے پہلے چار رکعت اور اس کے بعد چار رکعت نفل نماز پڑھنے والے کو خوش خبری سنائی ہے کہ اسے اللہ جہنم پر حرام کر دے گا۔

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/11251